# مائمن خبریں

نمبر 66_ 17 دسمبر 2017



## قوی دعا کے وسیلہ سے سمندری طوفان اِرما دم توڑ گیا

یہ دنیا قدرتی آفات کا شکار ہو رہی ہے جس میں زلزلے، سمندری طوفان، قحط، اور سیلاب شامل ہیں۔ حال ہی میں 7.1 شدت کا زلزلہ میکسیکو سے ٹکرایا اور 300 سے زائد جانیں لے لیں۔ لوگوں کو بچانے والے ایک شخص نے کہا کہ "یہ بالکل سدوم اور عمورہ کی طرح ہے۔ خدا یقینا ہم سے ناراض ہے"۔

بہر حال، خدا بذاتِ خود محبت ہے۔ اگر سدوم اور عمورہ میں اُسے دس راستباز لوگ بھی مل جاتے تو وہ ان کی عدالت کرنے سے باز رہتا۔ اپنی محبت بانٹنے کیلئے خدا نے اولین انسان آدم کو بڑی فکر کے ساتھ بنایا اور خدا کبھی بدی کرنے والے انسانوں کی ہلاکت سے خوش نہیں ہوتا بلکہ صبر کے ساتھ انتظار کرتا ہے کہ وہ توبہ کریں اور اس کی طرف رجوع ہوں۔ حتیٰ کہ آج بھی، وہ اپنی گہری محبت بہتیری جانوں کے لئے موسم کے حالات پر قدرت بھرے اختیار کے کاموں کے وسیلہ سے ظاہر کرتا ہے۔

ستمبر 2017 کے اوائل میں خدا کی قدرت اور محبت ایک بار پھر صاف صاف ظاہر ہوئی۔ سمندری طوفان اِرما امریکہ کیلئے شدید پریشانی کا باعث بنا۔ اس سے ایک ہفتہ پہلے اگست کے آخر میں سمندری طوفان ہاروی ٹیکساس اور لوئیسیانا سے ٹکرایا اور اس وقت خیال کیا جا رہا تھا کہ وہ اِرما سے کم شدت کا طوفان ہے، ہاروی کے باعث 60 افراد کی موت کی تصدیق ہوئی اور مالی نقصانات کا تخمینہ لگ بھگ 180 بلین ڈالر تھا۔ ہاروی کے نقصانات نے امریکی حکومت اور لوگوں کو نازک موڑ پر لا کھڑا کیا۔


شدید ترین اٹلانک سمندری طوفان اِرما سے پیشتر مائمن مشنریوں اور ایمانداروں نےڈاکٹر جے راک لی کو دعائیہ درخواست بھیج دی جن میں ڈاکٹر میخائل مورگیولس، صدر سپریچویلیٹی ڈپلومیسی، پاسٹر مارک بازالیو، پاسٹر جینیڈئی زاوالئی، جو نیویارک کے روسی زبان بولنے والے لوگوں میں بڑے چرچ کے ساتھ خدمات انجام دیتے ہیں اورامریکہ میں مقیم کئی دیگر روسی امریکی پاسبان شامل ہیں۔

ڈاکٹر جے راک لی نے 8 ستمبر صبح 6:45 پر اس کیلئے دعا کی، اور پیشین گوئی سے بالکل مختلف، جس میں کہا گیا تھا کہ یہ چار درجہ کے ساتھ فلوریڈا کی ریاست کے ساتھ ٹکرائے گا اور امریکہ کے مشرقی ساحل کے بعد جنوب کی طرف بڑھے گا (تصویر 1)، سمندری طوفان نےاپنا راستہ بدلا اور مغرب کی طرف مسلسل بڑھتا گیا اور پھر جنوب کے اطراف کو چلا گیا۔

علاوہ ازیں اس کی شدت درجہ 3، 2 اور 1 پر کم ہوتی گئی اور 12 ستمبر کو وہ ایک عام سمندری طوفان ٹروپیکل میں تبدیل ہو گیا۔


مزید برآں، اس نے اپنا راستہ بدلا اور مزید مغربی علاقوں کی طرف بڑھا جہاں قومی پارک اور جوہڑ ہیں اور کم آبادی ہے، اور مشرقی علاقوں میں نہیں گیا جہاں لوگوں کی بہت زیادہ آبادی ہے۔ پس، کوئی بڑا نقصان نہ ہوا۔ جیسے ڈاکٹر جے راک لی نے دعا کی تھی، امریکہ بہت بڑی آفت سے بچ گیا۔ پاسبانوں اور ایمانداروں نے شکریہ کے خطوط ارسال کئے جو ڈاکٹر لی کی دعا کے وسیلہ سے خدا کے تحفظ میں رہے (مزید دیکھیں صفحہ 4)۔

**تصویر 1 دعا سے پہلے_7 ستمبر صبح 5 بجے**




پیشین گوئی تھی کہ ارما بحیرہِ کیریبین سے گزرے گا اور پھر فلوریڈا کے مشرقی ساحل کو کچلتا ہوا جنوب کی طرف بڑھے گا۔

**تصویر 2 دعا کے بعد_10 ستمبر صبح 5 بجے**





اِرما نے غیر متوقع طور پر اپنا رُخ مغرب اور مضافات کی طرف موڑ لیا اور ایسا کرتے ہوئے اُس کی شدت میں بھی جلد ہی کمی واقع ہوتی گئی۔


## ڈاکٹر جے راک لی کی چھ کتابیں جو ایمان کی بنیاد رکھتی ہیں

**جواب**

### میرا باپ تمہیں میرے نام سے دے گا

4 زبانوں میں شائع ہوئی





سات روحوں کی وضاحت کرتے ہوئے یہ کتاب دعاؤں کا جواب، بیج بونے اور کاٹنے کے وسیلہ پوشیدہ برکات پانے کے روحانی اصول بیان کرتی ہے، اور وجوہات بیان کرتی ہے کہ ہمیں اپنی دعاؤں کا جواب کیوں نہیں ملتا۔

**ایمان**

### امید کی ہوئی چیزوں کی تصدیق

4 زبانوں میں شائع ہوئی





قارئین کیلئے اس بات کی وضاحت کے ساتھ کہ ایمان کیا ہوتا ہے، ایمان کیسے کامل ہوتا ہے اور بزرگانِ ایمان کے وسیلہ سے کس طرح کے کام ظاہر ہوئے، یہ کتاب واجب مسیحی ایمان کی راہ پیش کرتی ہے۔ علاوہ ازیں، یہ کتاب بتاتی ہے کہ وہ کون سے پھل ہیں جن کا تعلق حقیقی ایمان کے کاموں سے ہے۔

**دس آفات**

### نافرمانی اور فرمانبرداری کی زندگی

8 زبانوں میں شائع ہوئی





دس آفات کا ذکر چھیڑتے ہوئے یہ کتاب اُن آفتوں کی روحانی وجوہات بیان کرتی ہے جو ہماری روز مرہ زندگی میں آتی ہیں اور یہ ہمیں وہ برکت پانے میں راہنمائی دیتی ہے جو خدا کے کلام کی فرمانبرداری سے پائی جا سکتی ہے۔

**روحانی عبادت (پرستش)**

### روح اور سچائی سے پرستش

5 زبانوں میں شائع ہوئی





عہدِ عتیق میں احبار کی کتاب میں درج نذر کے قوانین نہ صرف نذر گزراننے کی ظاہری روایات پر زور دیتے ہیں بلکہ اس کے گہرے روحانی معنی بھی ہیں۔ یہ حقیقی سنگ میل ہے جس سے ہمیں اُس روحانی پرستش یعنی عبادت کے نذر گزراننے میں مدد ملتی ہے جو خدا کے نزدیک پسندیدہ ہے۔

**دس احکامات**

### خدا کی شریعت

7 زبانوں میں شائع ہوئی





یہ کتاب واضح کرتی ہے کہ خدا نے دس احکامات کیوں دیئے، دس احکامات میں پنہاں روحانی معنی کیا ہیں اور خدا کی برکات جو اُن لوگوں کو ملتی ہیں جس دس احکامات کو پورا کرتے ہیں۔

**دعا**

### جاگتے اور دعا کرتے رہو

10 زبانوں میں شائع ہوئی




یہ کتاب قارئین کو رویہ اور مناسب دعائیہ دل کے بارے میں ایک نظریہ فراہم کرتی ہے تا کہ وہ خدا کے حضور موثر دعا کر سکیں جس سے دعائیں اور برکات نازل ہوتی ہیں۔

# یسوع کے ہاتھوں اور پیروں میں کیل لگائے جانے کی وجہ

"حالانکہ وہ ہماری خطاؤں کے سبب سے گھایل کیا گیا اور ہماری بدکرداری کے باعث کچلا گیا۔ ہماری ہی سلامتی کے لئے اُس پر سیاست ہوئی تا کہ اُس کے مار کھانے سے ہم شفا پائیں "(یسعیاہ 5:53)۔

خدا کے پیشگی انتظام میں جو چاہتا تھاکہ جتنے بھی انسان گنہگار ہو گئے ہیں وہ نجات پائیں، یسوع مسیح نے صلیبی دکھ سہا۔ پھر، اس پیشگی انتظام کا کیا مطلب ہے جس میں یسوع مسیح کے ہاتھوں اور پیروں میں کیل لگائے گئے تھے؟

## 1۔ یسوع کے ہاتھوں اور پیروں میں کیل لگائے جانے کی وجہ

سزائے موت کے زیادہ تر طریقوں میں عموماً کم سے کم بدنی تکلیف کے ساتھ انجام کو پہنچایا جاتا ہے۔ بہرحال، مصلوبیت میں طویل عرصہ کیلئے انتہا درجہ کا بد ترین تشدد کر کے تکلیف پہنچائی جاتی ہے۔ جب کسی شخص کےدونوں ہاتھ اور پاؤں کیلوں کے ساتھ لکڑی کی صلیب میں جڑ دیئے جاتے، اور پھر اس کو عمودی حالت میں زمین پر کھڑا کیا جاتا، تو اُس کے بدن کا سارا وزن نیچے کی طرف کو گرتا جس کے ساتھ ہر اُس جگہ پر درد کی شدت نہایت بڑھ جاتی جہاں کیل لگا کر چھیدا گیا ہو۔ مزید یہ کہ مصلوب کرنے والے بدن کے بڑے حصوں پر کیل لگانے سے اجتناب برتتے ہیں، اُس شخص کا خون مسلسل بہتا رہتا ہے اور اپنی آخری سانس تک شدید درد اور اذیت کا شکار رہتا ہے۔

کس وجہ سے یسوع کے ہاتھوں اور پیروں میں کھیل ٹھوکنے کی ضرورت پیش آئی تھی؟ یہ سب انسانوں کو گناہوں سے نجات دینے کیلئے تھي جو انہوں نے اپنے ہاتھوں اور پیروں سے کئے تھے۔

مرقس 9 :43-45 کہتی ہے کہ "اور اگر تیرا ہاتھ تجھے ٹھوکر کھلائے تو اُسے کاٹ ڈال۔ ٹُنڈا ہو کر زندگی میں داخل ہونا تیرے لئے اس سے بہتر ہے کہ دو ہاتھ ہوتے ہوئے جہنم کے بیچ اُس آگ میں جائے جو کبھی بجھنے کی نہیں۔ (جہاں اُن کا کیڑا نہیں مرتا اور آگ نہیں بجھتی) اور اگر تیرا پاؤں تجھے ٹھوکر کھلائے تو اُسے کاٹ ڈال۔ لنگڑا ہو کر زندگی میں داخل ہونا تیرے لئے اس سے بہتر ہے کہ دو پاؤں ہوتے ہوئے جہنم میں ڈالا جائے"۔ بے گناہ یسوع نے اپنے ہاتھوں اور پاؤں میں کھیل ٹھکا کر اور مرتے دم تک خون بہا کر ہمیں اُن گناہوں سے چھٹکارہ دیا جو ہم اپنے ہاتھوں اور پیروں سے کرتے ہیں۔

لہٰذا، جتنے لوگ یسوع کو بطور نجات دہندہ قبول کرتے ہیں وہ توبہ کرتے وقت بغیر ہاتھ پاؤں کاٹے اپنے گناہوں کی معافی پاتے ہیں اور خود کو پاک روح کی قدرت کے ساتھ سب گناہوں سے چھڑا سکتے ہیں۔ ہمیں گناہوں کی معافی دینے اور جہنم کی آگ سے بچانے کیلئے یسوع نے خود کو ظالمانہ صلیبی تشدداور اذیت کے حوالہ کر دیا۔

تو بھی، جو لوگ یسوع پر اپنے ایمان کا اقرار کرتے اور اپنے ہونٹوں سے دعوٰی کرتے ہیں کہ انہوں نے گناہوں سے توبہ کی ہے، اُن میں سے بہتیرے ایسے ہیں جو ہنوز گناہ میں زندگی گزارتے ہیں۔ 1-یوحنا 1: 6 ہمیں بتاتی ہے کہ "اگر ہم کہیں کہ ہماری اس کے ساتھ شراکت ہے اور پھر تاریکی میں چلیں تو ہم جھوٹے ہیں اور حق پر عمل نہیں کرتے"۔ اگر آپ فی الحقیقت ریمان رکھتے ہیں کہ یسوع مسیح کے ہاتھوں اور پیروں میں صلیب پر کیل آپ کے گناہوں کی وجہ سے ٹھوکے گئے تھے تو آپ کبھی دوبارہ گناہ نہیں کر سکیں گے۔

## 2۔ شریعت کی لعنت سے آزاد ہونے کے لئے نُور میں چلنا

بے گناہ یسوع کو صلیب پر مار کر ہماری جگہ لعن طعن کی گئی اور ہم جو اِس بات پر ایمان رکھتے ہیں ہمیں سب گناہوں سے معافی ملی ہے اور ہم شریعت کی لعنت سے آزاد ہو گئے ہیں۔ جو لوگ ایمان رکھتے ہیں اور یسوع کو بطور نجات دہندہ قبول کرتے ہیں وہ سب بیماریوں اور



بزرگ پاسٹر ڈاکٹر جے راک لی

معذوریوں، غربت اور ہر طرح کی مصیبتوں سے آزاد کئے جاتے ہیں۔

لہٰذا، خدا کے وہ فرزند جنھوں نے خداوند کو قبول کیا اور خدا کے کلام کے مطابق زندگی گزارتے ہیں وہ ہمیشہ اُس کی نگہبان آنکھوں کے سایہ میں رہتے ہیں۔ اگر آزمائشیں اور دکھ اُن کی راہ میں آئیں خواہ وہ کلام کے مطابق زندگی گزار رہے ہوں تو یہ آزمائشیں برکت کا بہانہ بن جاتی ہیں۔ یعقوب 1: 12 کہتی ہے کہ "مبارک ہے وہ شخص جو آزمائش کی برداشت کرتا ہے کیونکہ جب مقبول ٹھہرا تو زندگی کا وہ تاج حاصل کرے گا جس کا خداوند نے اپنے محبت کرنے والوں سے وعدہ کیا ہے"۔ جیسا کہ کہا گیا ہے، آزمائشوں پر شکر گزاری کے ساتھ غالب آنا روحانی اور جسمانی دونوں طرح کی پانے کا سبب بنتا ہے۔

اگر آپ کی راہ میں آزمائشیں اور دکھ آ جائیں تو آپ کو کیا کرنا چاہئے اگر خدا کے کلام کے مطابق زندگی نہیں گزاری؟ یہ وقت ہے کہ آپ فوراً توبہ کریں اور ماضی کی اپنی راہوں سے باز آئیں۔ ایک بار جب آپ گناہ کی دیوار ڈھا کر ایمان سے دعا کریں گے تو آزمائشیں اور دکھوں کے پاس بھاگ جانے کے سوا اور کوئی راستہ نہیں ہو گا۔ حتیٰ کہ ایسے وقتوں میں بھی خدا اپنا کام آپ کے ایمان کے مطابق کرے گا اگر آپ اس پر بھروسا رکھیں گے۔ جیسا کہ یسوع کو صلیب پر لعن طعن کی گئی، سب کو ایمان کے ساتھ گناہوں کی معافی ملتی اور شریعت کی لعنت سے آزاد کیا جاتا ہے۔

کیا اس کا یہ مطلب ہے کہ ہمارا یہ اقرار کرنا "خداوند میں ایمان رکھتا ہوں!" ہماری غیر مشروط معافی کی ضمانت ہے؟ جیسا کہ بائبل مقدس ہمیں 1-یوحنا 1: 7 میں بتاتی ہے "لیکن اگر ہم نُور میں چلیں جس طرح کہ وہ نُور ہے تو ہماری آپس میں شراکت ہے اور اس کے بیٹے یسوع کا خون ہمیں تمام گناہ سے پاک کرتا ہے"، گناہوں کی معافی ہمارے' نُور میں چلنے' کے ساتھ مشروط ہے۔ بائبل میں کسی جگہ ہمیں یہ بات نہیں ملتی کہ گناہ کرنے کے ساتھ ساتھ ہم نجات بھی پا سکتے ہیں۔

یسوع بھی ہمیں متی 7: 21 میں بتاتا ہے کہ "جو مجھ سے اے خداوند اے خداوند کہتے ہیں ان میں سے ہر ایک آسمان کی بادشاہی میں داخل نہ ہوگا مگر وہی جو میرے آسمانی باپ کی مرضی پر چلتا ہے"۔ لہٰذا گناہوں کی معافی اور کامل نجات صرف اُسی وقت دی جائے گی جب ہم خداوندیسوع کو اپنا نجات دہندہ قبول کریں، گناہوں کی معافی مانگیں، پوری کوشش کریں کہ دوبارہ گناہ نہیں کریں گے اور نُور میں چلیں گے۔

## 3۔ دو ڈاکوؤں کی بات چیت کی بابت بائبل مقدس کے مندرجات میں فرق

جب یسوع مسیح کو مصلوب کیا گیا تو کئی لوگ وہاں جمع تھے جو یسوع پر لعن طعن کرتے اور ٹھٹھا بازی کرتے تھے۔ یسوع کی صلیب کے دونوں طرف دو ڈاکو بھی مصلوب کئے گئے تھے۔ اُن کی بابت ہم متی 27: 44 میں دیکھتے ہیں کہ" اسی طرح ڈاکو بھی جو اُس کے ساتھ مصلوب ہوئے تھے اس پر لعن طعن کرتے تھے"۔

ایسے مندرجات میں فرق کی کس طرح تشریح کی جا سکتی ہے؟ یہ خدا کے کام کا حصہ تھا تا کہ آئندہ وقت کی نسلیں اُس واقعہ کی زیادہ واضح تصویر کشی کر سکیں۔ اپنے ذہن میں ایک تصور بنائیں: گلتتا کے مقام پر تین صلیبیں کھڑی ہیں، بہت بڑا مجمع اُس سزائے موت کا چشم دیکھ گواہ ہے۔ رومی سپاہی اپنے بھالوں اور ڈھال کے ساتھ اُن تماشہ دیکھنے والوں کی بھیڑ کو پیچھے ہٹانے کی کوشش کر رہے ہیں۔

ایسی ابتری کے حالات میں وہ شخص جو ڈاکوؤں کی طرف کھڑا تھا یقینا اُسے سب کچھ صاف صاف سنائی دے رہا ہو گا کہ ڈاکو کیا کہہ رہا ہے لیکن دوسرے ڈاکو کی بات کو صاف طور سے سُن نہیں سکے گا۔ دوسرے الفاظ میں، تائب ڈاکو کا دوسرے ڈاکو کو ملامت کرنا جو یسوع پر لعن طعن کر رہا تھا، ایسا لگتا ہے جیسے تائب ڈاکو ہی شاید یسوع پر لعن طعن کر رہا تھا، تو بھی لوگ جو تائب ڈاکو کی طرف یسوع کے قریب کھڑے تھے وہ دونوں ڈاکوؤں کی آواز کو ٹھیک طرح سن سکتے تھے اور اس واقعہ کو درستی کے ساتھ درج کر سکتے تھے۔

بے شک، قادرِ مطلق خدا یہ کر سکتا تھا کہ بائبل مقدس کی معلومہ باتیں منصف پر تفصیل کے ساتھ ظاہر کرتا۔ لیکن تحریر میں ایسے تضاد کو آنے دے کر خدا نے اُن لوگوں کے لئے یہ ممکن بنایا جو پاک روح کی راہنمائی میں بائبل پڑھتے ہیں کہ وہ یسوع مسیح کی مصلوبیت کی تصویر باریک بینی سے دیکھ سکیں جو کسی ایسی فلم کو پوری صفائی کے ساتھ دیکھنے کے مترادف ہو جو کسی شاندار تھیئٹر کی بڑی سکرین پر دیکھی جا رہی ہو۔

لہٰذاجب ہم بائبل مقدس کے حصہ جات کو دیکھتے ہیں جو ہمارے نظریات کے ساتھ ہم آہنگ نہ ہوں، تو بجائے جسمانی سوچوں اور معیار کے ساتھ عدالت کرنے کے ہمیں چاہئےکہ سب سے پہلے پاک روح کی تحرک کے ساتھ روحانی معنویت کو سمجھیں۔

مسیح میں عزیز بھائیو اور بہنو، اب جبکہ آپ نے اُس وجہ کے بارے میں سیکھا ہے کہ یسوع کے ہاتھوں اور پیروں میں کیل کیوں لگائے گئے تھے، تو آپ کو چاہئے کہ اس پر ایمان لا کر اپنے گناہوں کی معافی پائیں۔ میں خداوند کے نام میں دعا کرتا ہوں کہ آپ کے ہاتھ اور پاؤں نجات دہندہ کی محبت کو پھیلانے والے مبارک پیامبر بنیں اور آپ خدا کے کلام کو پاک روح کی تحریک کے ساتھ سمجھیں اور سارے اختیار اور برکات سے لطف اندوز ہوں جس کے لئے خدا کے فرزند ہوتے ہوئے آپ نامزد ہوئے ہیں۔

### ایمان کا اقرار

1۔مانمن سینٹرل چرچ کا ایمان ہے کہ بائبل مقدس خدا کے منہ سے نکلا ہوا کلام ہے اور یہ کامل اور بے نقص ہے ۔

2۔مانمن سینٹرل چرچ خدائے ثالوث :خدا باپ، خدا بیٹا، اور خدا روح القدس کی یکتائی پر ایمان رکھتا ہے ۔

3۔مانمن سینٹرل چرچ کا ایمان ہے کہ ہمیں صرف اور صرف یسوع مسیح کے نجات بخش لہو کے وسیلہ گناہوں کی معافی ملی ہے۔

4۔مانمن سینٹرل چرچ یسوع مسیح کے مردوں میں سے جی اٹھنے اور آسمان پر اٹھائے جانے پر ، اُس کی آمدِ ثانی پر، ہزار سالہ بادشاہی پر اور ابدی آسمان پر ایمان رکھتا ہے۔

5۔مانمن سینٹرل چرچ کے ارکان جب بھی جمع ہوتے ہیں "رسولوں کا عقیدہ" پڑھ کر ایمان کا اقرار کرتے ہیں اور اِس میں شامل باتوں پر حرف بہ حرفی یقین رکھتے ہیں۔

"وہ(خدا ) توخود سب کو زندگی اور سانس اورسب کچھ دیتا ہے"۔(اعمال25:17)

"اور کسی دوسرے کے وسیلہ نجات نہیں کیونکہ آسمان کے تلے آدمیوں کو کوئی دوسرانام نہیں بخشا گیا جس کے وسیلہ سے ہم نجات یں"۔(اعمال12:4)

Urdu

مانمن خبریں

شائع کردہ مانمن سینٹرل چرچ

نمبر3-235گرو ڈونگ 3، گروُ ۔گو، سیول کوریا(08389)
فون82-2-818-7047 فیکس82-2-818-7048
ویب سائٹwww.manmin.org/english
www.manminnews.com
ای میلmanminen@manmin.kr

ناشر:ڈاکٹر جے راک لی
مدیرِ اعلیٰ:سینئیر ڈیکنیس گیومسُن وِن

# یوسف۔ خدا کے عہد کی گزر گاہ

## نوجوانوں کے لئے مطالعہ بائبل مقدس 9

چرچ کی 35ویں سالگرہ مناتے ہوئے ڈاکٹر جے راک لی کی 110 ویں اور نوجوانوں کیلئے 9ویں کتاب "یوسف۔ خدا کے عہد کی گزر گاہ" شائع ہوئی۔

ایک 17 سالہ عبرانی لڑکا جسے مصریوں کے ہاتھ غلام ہونے کو بیچ دیا گیا تھا، وہ خدا کی پاک مرضی پر ایمان رکھتا تھا اور وہ خدا کے عہد کی گزر گاہ بن گیا۔ اُس کی زندگی کے حالات قارئین کی مدد کریں گے کہ خدا کے محبت پا سکیں اور اپنے لئے رویا لے سکیں اور حقیقی قیادت کے بارے میں سیکھ سکیں۔

یہ کتاب 14 ابواب پر مشتمل ہے اور ان کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے: حصہ اول، ایک عبرانی لڑکا مصر کا نائب حکمران بن گیا؛ حصہ دوم، یوسف کی حکمت نے لوگوں کی جان بچائی ؛ حصہ سوم، خدا کے عہد کی گزر گاہ۔ اس کتاب میں ایک خاص حصہ ہے جو بائبل کی معلومات فراہم کرتا ہے اور یعقوب کی قلبِ روح کے ساتھ نیکی اور یوسف کے پورے قلبِ روح کے ساتھ نیکی کے درمیان تقابل پیش کرتا ہے۔

جب آپ یوسف کے سفر کی قدم بہ قدم پیروی کرتے ہیں تو خدا کے منصوبہ کو جانیں گے کہ وہ انسان کے ارادوں سے عظیم تر اور بڑا ہے اور خدا کی محبت بھی جو آپ کو صرف اچھی چیزیں دینا چاہتا ہے۔ یہ آپ کو روح میں بڑھنے میں مدد دے گا۔




# "میرے رحم کی نالی بند تھی لیکن خدا نے مجھے بچہ عطا کیا"



ڈیکنس یُونا پارک، عمر45 سال، مانمن سینٹرل چرچ

اپریل 2014 کو بڑی عمر میں میری شادی ہوئی۔ لیکن مجھے ایک مشکل پیش آئی ؛ مجھے بچے کی خواہش تھی لیکن میں بچہ پیدا نہیں کر سکتی تھی۔ مئی 2015 میں میرا طبّی معائنہ ہوا اور ظاہر ہوا کہ میرے رحم کی دونوں نالیاں بلند ہیں۔ میں ایک مشہور دیسی طبّی کلینک پر گئی اور دیسی ادویات لیں لیکن کوئی فرق نہ پڑا۔ اسی سال دسمبر میں میرے شوہراور میں نے ڈاکٹر جے راک لی سے دعا کروائی۔ لیکن ایک وقت تو ایسا محسوس ہوا جیسے میں امید سے نہیں ہوں، لٰہذا جلد ہی میں نے دیگر طریقے آزمانا شروع کر دیئے۔

2016 کے اواخر میں، میں بہت بڑے ہسپتال میں ایک لیپروسکوپی کے ماہر سرجن کے پاس گئی اور اپنے رحم کا دوبارہ سے معائنہ کروایا۔ تشخیص میں بتایا گیا کہ میرارحم کام نہیں کرتا، اس سے فطری طور پر حمل کے امکانات 10 فیصد سے بھی کم رہ گئے تھے حالانکہ باقی سب کچھ ٹھیک تھا۔ میں نےاس معاملہ کو ترک کر دینے کا سوچا لیکن میں نے اپنے ساس سُسر کے لئے افسوس محسوس کیا۔ اُس وقت سے میں نے اپنا رحم کھلنے کے لئے مسلسل دعا کرنا شروع کی۔

مئی2017 کے شروع میں میرے شوہر اور میں نے خاندانی عبادت کی جس میں روزہ بھی رکھا، اس امید کے ساتھ کہ حمل کی برکت مل جائے۔ میں توبہ کر رہی تھی اور شکر گزاری کے ساتھ بہت آنسو بہاتی تھی۔ میں نے توبہ کی کہ میں نے ڈاکٹر جے راک لی کی قدرت بھری دعا کا یقین نہ کیاحالانکہ میں طویل عرصہ سے مسیحی زندگی گزار رہی تھی، گواہی دیتی تھی اور اُن کے قدرت بھرے کاموں کے بارے میں سُنا تھا، اور یہاں تک کہ تجربہ بھی پایا تھا۔

ایک ماہ بعد، ماہواری نزدیک تھی، لیکن شروع نہ ہوئی۔ میں نے حمل کا ٹیسٹ کروایا اور یہ مثبت تھا۔ میں نے شکر گزاری کے بے شمار آنسو بہائے۔ میں بہت شکر گزار ہوئی کہ اپنی ایمانی زندگی اِس چرچ میں گزار رہی ہوں۔ 15 جون کو ایک زچہ خانہ میں تصدیق کی گئی۔ ڈاکٹر نے کہا کہ آپ چھ ہفتہ سے حاملہ ہیں۔ یہ آپ کے رحم میں ہے۔ آپ اپنے رحم میں دل کی دھڑکن سُن سکتی ہیں۔ میرا شوہر اور میں بہت خوش ہوئے کیونکہ خدا نے ایک تحفہ عطا کیا تھا۔ میں سارا جلال خدا کو دیتی اور شکر گزار ہوں جس نے ہمیں روح اور بدن دونوں طرح سے برکت دی۔

# "راتوں رات میرا دل عمومی حالت میں آیا بلکہ مضبوط تر ہو گیا"

ڈیکن رابرٹ جانسن عمر70 سال، از امریکہ



24 جون 2017 کی دوپہر کو، میں مسافر سیٹ پر بیٹھ کر اپنی بیوی کے ساتھ گاڑی میں جا رہا تھا۔ اچانک، مجھے سینے میں بہت دباؤ محسوس ہوا۔ اس سے میرا سینے درمیان سے دبنے لگا۔ میری گردن اور میری بائیں جانب سے چہرہ سُن ہو گیا اور میرے سینے سے بے چینی اٹھی اور بازؤں کے اوپری حصہ تک پھیل گئی۔

جب میری بیوی مجھے گاڑی میں ERایک قریبی ملٹری ہوائی اڈے پر لے گئی، تو میں نے سینئر پاسٹر سے اپنے سمارٹ فون پر دعا کروائی۔ میرے کئی ٹیسٹ ہوئے اور خون کا ٹیسٹ بھی کیا گیا۔ مجھے تشخیص کر کے بتایا گیا کہ ممکنہ طور پر مجھے دل کا عارضہ ہے اور مجھے قصبہ کے قریبی ہسپتال میں منتقل کردیا گیا۔ اُس رات میری بیوی نے مرکزی چرچ کو اس بارے میں بتایا اور ڈاکٹر جے راک لی کو دعائیہ درخواست بھیجی جو اپنے پہاڑ پر دعائیہ مرکز میں دعا کر رہے تھے، انہوں نے میرے لئے دعا کی۔

25 جون کو، میرے خون کے ٹیسٹ دوبارہ ہوئے اور طبّی معائنہ کیا گیا اور اگلے دن نتیجہ ظاہر کیا گیا۔ ایک معجزہ ہوا تھا۔ دل کے معالج نے کہا کہ میرا دل بالکل عمومی حالت میں ہے بلکہ بہت مضبوط اور صاف ہے۔ حیرانی کے ساتھ اُس نے مزید کہا کہ میرا دل ایسا تھا جیسے چالیس یا پچاس سال کے بعد ہوتا ہے۔ سینئر پاسٹر کی وقتوں اور معیادوں سے مبرا دعا کے وسیلہ سے میرا دل عمومی حالت میں آگیا بلکہ پہلے سے بھی مضبوط ہو گیا۔ ہالیلویاہ!

# "مجھے سمارٹ فون کے گیمز سے نفرت ہو گئی"

برادر ینگ کوانگ کوون، عمر12 سال، پانچویں جماعت، مانمن سینٹرل چرچ

سمارٹ فون ملنے کے بعد میں نے سمارٹ فون پر ہر صبح گیمز کھیلنا شروع کی۔ یہاں تک کہ میں اپنے دوستوں کو بھی اپنے گھر بُلاتا اور ہم مل کر گیمز کھیلتے تھے۔ مجھے گیمز اتنی پسند تھیں کہ میں کھیلے بغیر نہیں رہ سکتا تھا۔ میں نے اگست2017 میں منعقدہ مانمن سمر ریٹریٹ میں شرکت کی۔ پہلی رات، سینئر پاسٹر ڈاکٹر جے راک لی کی دعا کے وسیلہ سے، میں نے دیکھا کہ بُری روحیں لوگوں میں سے نکل رہی ہیں جنھیں ذہنی ابتری لاحق تھی۔ میں ششدر رہ گیا۔ میں نے جانا کہ دشمن ابلیس اور شیطان اُن کو گناہ کی طرف راغب کرتا تھا۔ اچانک ہی ایسا ہوا کہ مجھ میں سے گیمز کھیلنے کا شوق ختم ہو گیا اور میں نے اُسی جگہ پر سمارٹ فون کے سارے گیمز ڈیلیٹ کر دیئے۔

اس کے بعد، مجھے اعصابی خرابی کے مرض سے شفامل گئی۔ میرے ہاتھ اور پاؤں ہر وقت گرم رہتے تھے۔ بعض اوقات میں پنسل بھی پکڑ نہیں سکتا تھا اورسردیوں کے دوران بھی صرف زیر جامہ پہن کر ٹھنڈے بستر پر سوتا تھا۔ میں جرابیں نہیں پہن سکتا تھا۔ گرمیوں میں سونے کیلئے مجھے برف کے تھیلوں کی ضرورت پیش آتی تھی۔ بہرحال، سمارٹ فون پر گیمز کھیلنا چھوڑنے کے بعد میرے بدن کی سارے حرارت ختم ہو گئی۔ حرارت ختم ہونے کے بعد، مجھے ایسے لگا جیسے ساری دنیا میں اطمینان ہو گیا ہے۔ میرا خواب تھا کہ ایسا پیانو نواز بنو جو خدا کو جلال دے سکے۔ میں خدا کا شکر کرتا ہوں جس نے مجھے شفا دی۔



# اُس کی قدرت نے لوگوں کو سمندری طوفان سے بچایا



## "فلوریڈا کے ایماندار اور ان کے خاندان محفوظ ہیں"

پاسٹر جیمز سم، نیویارک انٹرنیشنل مانمن چرچ
نیویارک امریکہ، 12 ستمبر

4 ستمبر کو مجھے ڈیکنیس دونووون پِنوک کا فون آیا جو ہمارے ہی چرچ سے ہیں۔ اُن کے رشتہ دار فلوریڈا میں رہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سمندری طوفان اِرما فلوریڈا کی طرف آ رہا ہے اور یہ ہاروی سے بھی زیادہ زور آور ہے جس نے اگست کے آخر میں ہوسٹن، ٹیکساس پر حملہ کیا تھا۔ انہوں نے مجھے کہا کہ میں سینئر پاسٹر ڈاکٹر جے راک لی کو دعائیہ درخواست بھیجوں۔ 6 ستمبر کو میں نے سینٹرل چرچ میں فلوریڈا کے اراکین کے لئے دعائیہ درخواست بھیجی۔

کئی خبررساں اسٹیشنوں نے خبر دی کہ سمندری طوفان اِرما بڑھ کر 5 درجہ کا ہو گیا ہے اور اُس نے 250 میل فی گھنٹہ کی رفتار سے چلنے والی ہوا کے ساتھ کیریبین ساحل کے جزائر کو تہس نہس کر ڈالا ہے۔ فلوریڈا کے سرکاری اہلکاروں نے فلوریڈا کے 6.5 ملین رہائشیوں کو لازماًعلاقہ چھوڑ دینے کی ہدایت کی۔ لوگوں نے سٹوروں کی الماریاں خالی کر دیں اور سڑکیں ٹریفک کی لمبی لمبی قطاروں سے بھر گئیں۔

ڈاکٹر جے راک لی کی دعا کے بعد، اِرما کا گزشتہ پیشین گوئی میں بیان کیا گیا رُخ بدل گیا اور جسے فلوریڈا پر سے گزرنا تھا جس میں کہا گیا تھا کہ یہ ریاست کے مشرقی ساحل کو تہس نہس کر دے گا۔ بعد ازاں، یہ کہا گیا کہ اِرما فلوریڈا کے مغرب کی طرف بڑھ جائے گا۔ بہرحال، جب سمندری طوفان کیوبا پر سے گزرا تو اچانک کمزور پڑ گیا، جنوب کی طرف مڑا اور فلوریڈا تک پہنچ کر اس کی طاقت 2 درجہ طوفان جتنی رہ گئی۔ کمزور ہوتے ہوتے وہ درجہ1 تک آ گیا، اور عام سمندری طوفان میں تبدیل ہو گیا۔ جتنا اندازہ لگایا گیا تھا اس کی نسبت بہت ہی کم نقصان ہوا۔

سسٹر ویلینٹینا گولووینا، میرے چرچ کے ایک رُکن کی رشتہ دار، جو فلوریڈا نارتھ پورٹ کے مغربی علاقہ میں رہتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اُن کے گھر کے ارد گرد کوئی ایک درخت بھی نہیں ٹوٹا۔ انہوں نے شادمانی کے ساتھ گواہی دی اور کہا،" اِرماپورے شہر میں سے گزرا لیکن اب شہر صاف اور خشک ہے"۔

## "ڈاکٹر جے راک لی کی دعا کے بعد ہم محفوظ ہیں"

لیوس جیسیکا، اور جینسس ایسٹیلا کا خاندان،
میامی فلوریڈا، امریکہ، 14 ستمبر



6 ستمبر کو، سمندری طوفان اِرما شمال مشرقی طرف سے حیالیاہ بمقام میامی ڈیڈے، دیہاتی علاقہ فلوریڈا کی طرف بڑھ رہا تھا جہاں ہم رہتے ہیں۔

سمندری طوفان نے کیروبین کو پہلے ہی تباہ کر دیا تھا اور کئی اموات واقع ہوئیں اور بہت زیادہ مالی نقصان ہوا تھا اور اب یہ فلوریڈا کے مرکز میں جنوبی جانب بڑھ رہا تھا اور اس کے مشرقی ساحل پر شدید بارش اور 105 میل فی گھنٹہ کی رفتار سے ہوائیں چل رہی تھیں۔ ہم میامی میں شمال مشرقی حصہ میں رہتے ہیں اور فلوریڈا کے اِس شہر کی آبادی بہت زیادہ ہے۔

ہم نے سُنا کہ پیشین گوئی میں کہا گیا، سمندری طوفان نہایت مہلک مصیبت لاتا ہے اور ہم نے اپنی دعائیہ درخواست ڈاکٹر جے راک لی کو بھیجی۔ سینئر پاسٹر کی دعا کے بعد، سمندری طوفان جس کے بارے میں پیشین گوئی کی گئی تھی کہ میامی ڈیڈے دیہات سے ٹکرائے گا، اس کا رُخ بدل گیا۔ پیشین گوئی کا راستہ بھی بدل گیا اور امریکہ کی مشرقی ساحلی پٹی کی بجائے مغربی ساحل کی طرف چلا گیا۔ خبریں سننے کے بعد ہم گئے نہیں بلکہ گھر پر ہی رہے۔

9 ستمبر کی رات، اعلان کیا گیا کہ میامی ڈیڈے دیہاتی علاقہ اِرما کے براہِ راست ٹکرانے کے خطرے سے باہر ہے۔ ہالیلویاہ!







## "ڈاکٹر جے راک لی کی دعا کے وسیلہ سے ایک معجزہ ہوا"

پاسٹر مارک بازالیو از ورلڈ ہولینس سینٹر
نارتھ پورٹ فلوریڈا، امریکہ، ستمبر12

سمندری طوفان ارما کی شدت بہت زیادہ تھی۔ میں تصور بھی نہیں کر سکتا کہ ڈاکٹر جے راک لی کی دعا کے بغیر کیا ہوتا۔ شہر بالکل خالی تھا کیونکہ رہائشیوں کو علاقہ سے نکال لیا گیا تھا۔ سٹور، ایندھن کے لئے پٹرول پمپ، اور یہاں تک کہ والمارٹ اور مک ڈونلڈ بھی بند تھے۔

10 ستمبر، اتوار کی صبح ارما کی پیشین گوئی ہوئی جسے نارتھ پورٹ سے گزرنا تھا جہا ں پر ہولینس چرچ واقع ہے۔ لیکن چونکہ ڈاکٹر جے راک لی نے ہمارے لئے دعا کی تھی، ہمارا ایمان ہے کہ خداوند ہمیں بچا لے گا اور ہم علاقہ سے باہر نہ گئے اور مرکز میں ہی ٹھہرے۔

کئی لوگوں نے ہمیں چلے جانے کیلئے کہا لیکن بغیر کسی شک کے ہم نے اُن کی دعا کی قدرت پر یقین رکھا۔ ہمیں یقین تھا کہ معجزہ رونما ہو گا۔ ہماری بجلی چلی گئی تھی اور انٹرنیٹ کی سہولت بھی نہیں تھی۔ بات چیت کیلئے ایک موبائل فون ہمارا واحد ذریعہ تھا۔ آخر کار، معجزہ رونما ہوا۔ اِرما جسے نیپلز، فلوریڈا سے گزرنا تھا اچانک ہی اس نے اپنا رُخ بدلا اور بتدریج کمزور ہوتا چلا گیا۔ ہالیلویاہ!

اگر ارِما کمزور نہ پڑتا اور پیشین گوئی کے مطابق قائم رہتا تو ہمارا ورلڈ ہولینس سینٹر تباہ ہونے سے بچ نہیں سکتا تھا۔ ڈاکٹر جے راک لی کی دعا کے بعد خدا نے کام کیا؛ اُن کی دعا پر بِچار کئے بغیر، اِس معجزہ کیلئے کوئی ممکنہ وضاحت نہ تھی۔

## "ڈاکٹر جے راک لی کی دعا نے کئی شہروں اور چرچز کو بچایا"

پاسٹر ویٹالی فش برگ، وِزڈم آف گاڈ مانمن چرچ،
نیویارک، امریکہ، 13 ستمبر



4 ستمبر کو صبح سویرے بعض پاسبانوں نے مجھے بلایا اور کہا، "نہایت ہی بڑا اور حقیقت میں زبردست سمندری طوفان فلوریڈاکی طرف بڑھ رہا ہے، اور پیشین گوئی کی گئی ہے کہ اسے نیویارک میں سے گزرنا ہے!" اعلیٰ درجہ کے سمندری طوفان نے پاسبانوں کو شدید پریشانی میں مبتلا کر دیا تھا۔

نیویارک میں روسی زبان بولنے والے پاسبانوں کی درخواست پر 6 ستمبر کو میں نے ڈاکٹر جے راک لی سے دعا کی درخواست کی۔ اس کے بعد، میری بیوی اولیسیا اور میں نے اطمینان محسوس کیا کیونکہ ہمارا ایمان تھا کہ کوئی سمندری طوفان چرواہے کی طاقت کے سامنے کھڑا نہیں رہ سکتا۔

پیشین گوئی تھی کہ اِتوار کے دن تک اِرما فلوریڈا کو تہس نہس کر دے گا لٰہذا بہت لوگ ہنگامی صورت حال کے پیش نظر منگل اور بُدھ کی صبح سے ہی کھانا تیار کر رہے تھے اور پیٹرول پمپ پر طویل قطاریں لگی ہوئی تھیں۔ وہ خوفزدہ تھے اور اپنے گھر چھوڑ کر چکے گئے تھے۔ بہرحال، اِرما نے اپنا رُخ بدل کر فلوریڈا کے مغرب کی طرف پیش رفت کی اور بحیرہ کیروبین سے ٹکرایا اور شدید تباہی پھیلائی، اور اس کا اختتام پشین گوئی کے مطابق امریکہ کے علاقوں کو متوقع نقصان پہنچائے بغیر ہی ہو گیا۔ ہالیلویاہ!

اگرچہ ٹیکساس اور فلوریڈا میں کئی نامور پاسبان ہیں، تاہم سینیئر پاسٹر کے سوا اور کوئی پاسٹر نہیں جس کی دعا سے کئی شہر یا چرچز بچ سکے ہوں۔

GCN جی سی اِن
(گلوبل کرسچن نیٹ ورک)
فون:82-2-824-7107
فیکس:82-2-813-7107
www.gcntv.org
webmaster@gcntv.org

World Christian Doctors Network WCDN
(ورلڈ کرسچن ڈاکٹرز نیٹ ورک)
فون:82-2-818-7039
فیکس:82-2-830-5239
www.wcdn.org
wcdnkorea@gmail.com

MIS
(مانمن انٹرنیشنل سیمنری)
فون:82-2-818-7334
فیکس:82-2-830-3310
www.manminseminary.org
manminseminary2004@gmail.com

کتب اُوریم
فون:82-70-8240-2075
فیکس:82-2-869-1537
www.urimbooks.com
urimbook@hotmail.com